
# رائے عامہ سروے | تعلیم اور اسکول کا نظام

**30% پاکستانی والدین کے لیے بچوں کا اچھی نوکری حاصل کرنا سب سے اہم ہے، جبکہ 29% والدین اچھے اخلاق اور نظم وضبط کو ترجیح دیتے ہیں؛ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین میں اعلیٰ تعلیم سب سے اہم ترجیح ہے (33%)، جبکہ کم عمر والدین (64%) اور خواتین (39%) میں اچھے اخلاق اور نظم و ضبط کوزیادہ اہم سمجھتے کے حوالےسے شرح زیادہ پائی گئی۔**

برائے مہربانی بتائیں کہ بچے کی تعلیم حاصل کروانے کے حوالے سے آپ کے لیے سب سے زیادہ اہم کیا ہے؟




Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com;
www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## تعلیم اور اسکول کا نظام

پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز 5

"والدین اپنے بچوں کی تعلیم میں کس چیز کو سب سے زیادہ اہمیت دیتے ہیں"

**30% پاکستانی والدین کے لیے بچوں کا اچھی نوکری حاصل کرنا سب سے اہم ہے، جبکہ 29% والدین اچھے اخلاق اور نظم وضبط کو ترجیح دیتے ہیں؛ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین میں اعلیٰ تعلیم سب سے اہم ترجیح ہے (33%)، جبکہ کم عمر والدین (64%) اور خواتین (39%) میں اچھے اخلاق اور نظم وضبط کو زیادہ اہم سمجھتے کے حوالے سے شرح زیادہ پائی گئی۔**

(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)

(اسلام آباد، 17 اگست 2026


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانی والدین اپنے بچوں کی تعلیم کے حوالے سے مختلف توقعات اور ترجیحات رکھتے ہیں۔ اُن میں بچوں کے لیے اچھی نوکری حاصل کرنا (30%) اور اچھے اخلاق اور نظم وضبط پیدا کرنا (29%) سب سے اہم ترجیحات کے طور پر سامنے آئے ہیں۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے "پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کو سمجھنے" کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی پانچویں سیریز ہے۔ اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "اسکول کی جانب سے فراہم کی جانے والی پبلک ٹرانسپورٹ کا مطالبہ" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

اس موضوع پر تفصیلی رپورٹ گیلپ پاکستان کی ویب سائٹ پر موجود ہے، اس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب پاکستانی والدین، جن کے بچے اس وقت اسکول میں پڑھ رہے ہیں، سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ بچے کی تعلیم حاصل کروانے کے حوالے سے آپ کے لیے سب سے زیادہ اہم کیا ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 30% والدین کے مطابق، اُن کے لیے سب سے اہم یہ ہے کہ 'بچے کو اچھی نوکری ملے'، جبکہ 29% نے 'اچھے اخلاق اور نظم وضبط سیکھنے' کو سب سے اہم قرار دیا۔ مزید 22% والدین کے مطابق 'اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا' سب سے اہم ہے، جبکہ 15% کا کہنا تھا کہ ان کے لیے اہم یہ ہے کہ 'بچہ خود اعتماد اور اچھی شخصیت کا مالک بنے'۔ 1% نے 'انگریزی بولنے اور اچھی طرح بات چیت کرنے' کو اہم قرار دیا، جبکہ 1% والدین نے اس حوالے سے دیگر ترجیحات بتائیں، جبکہ 2% نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ بچے کی تعلیم حاصل کروانے کے حوالے سے آپ کے لیے سب سے زیادہ اہم کیا ہے؟**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1415 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-±2 لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔


**تعلیم کے اعتبار سے نتائج**: ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ 33% والدین اپنے بچے کے لیے اعلیٰ تعلیم کو سب سے اہم سمجھتے ہیں۔اس کے برعکس، ایف اے سے کم تعلیم یافتہ والدین میں اچھے اخلاق اور نظم و ضبط (31%) اور اچھی نوکری حاصل کرنا (31%) دونوں یکساں طور پر اہم ترجیحات ہیں، جبکہ 14% والدین خود اعتمادی اور اچھی شخصیت کو سب سے اہم سمجھتے ہیں۔




*نوٹ: معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار اس میں شامل نہیں ہیں۔

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


**جنس کے اعتبار سے نتائج**: والدین کی ترجیحات میں مردوں اور خواتین کے درمیان واضح فرق نظر آتا ہے۔خواتین کی زیادہ (39%) شرح اپنے بچوں کے لیے اچھے اخلاق اور نظم و ضبط کو سب سے زیادہ اہم سمجھتی ہیں، جبکہ مرد حضرات میں یہ شرح 18% پائی گئی۔دوسری جانب، مرد حضرات اپنے بچے کی اچھی نوکری کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں (36%)، جبکہ خواتین میں یہ شرح 26% رہی۔اعلیٰ تعلیم کو اہم سمجھنے کے معاملے میں دونوں کی رائے تقریباً یکساں ہے، خواتین میں 23% اور مرد حضرات میں 21%۔




نوٹ: معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار اس میں شامل نہیں ہیں۔

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**<u>عمر کے اعتبار سے نتائج</u>**: والدین کی ترجیحات میں عمر کے لحاظ سے واضح فرق نظر آتا ہے۔ 30سال سے کم عمر والدین میں64%  کے لیے بچے کا اچھے اخلاق اور نظم وضبط سیکھنا سب سے اہم ہے۔اس کے بر عکس،  50سال یا اس سے زیادہ عمر کے والدین میں52% کے لیے بچے کا اچھی نوکری حاصل کرنا سب سے بڑی ترجیح ہے۔ نتائج میں عمر کے لحاظ سے یہ فرق سب سے زیادہ نمایاں ہے۔




**نوٹ: معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے اعداد وشمار اس میں شامل نہیں ہیں۔**

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

مجموعی طور پر، نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانی والدین تعلیم کو معاشی مواقع اور بچوں کی شخصیت کی بہتر نشوونما دونوں کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ قومی سطح پر اچھی نوکری حاصل کرنا اور اچھے اخلاق اور نظم وضبط سیکھنا اہم ترین ترجیحات ہیں۔ کم عمر والدین اور خواتین اچھے اخلاق اور نظم وضبط کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں، جبکہ زیادہ عمر کے والدین اچھی نوکری کو ترجیح دیتے ہیں۔ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین میں33% اعلیٰ تعلیم کو اہم سمجھتے ہیں، جبکہ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ والدین میں یہ شرح 21% ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسکول سے والدین کی توقعات عمر، جنس اور تعلیمی پس منظر کے لحاظ سے مختلف ہیں۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 17 August 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)